روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

ہفتہ 14 مئی 2005ء 5 ربیع الثانی 1426 ہجری 14 ہجرت 1384 ھش جلد 55-90 نمبر 106

مزہ اور خوشبو

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا قرآن پڑھنے والے مومن کی مثال نارنگی کی سی ہے جس کا مزہ بھی اچھا ہوتا ہے اور خوشبو بھی عمدہ ہوتی ہے۔ اور اس مومن کی مثال جو قرآن کریم کی تلاوت نہیں کرتا وہ کھجور کی طرح ہے کہ اس کا مزہ تو اچھا ہے لیکن اس کی خوشبو نہیں ہوتی۔ اور اس فاجر کی مثال جو قرآن کریم کی تلاوت کا عادی ہے گل ریحان کی طرح ہے جس کی خوشبو تو اچھی ہوتی ہے لیکن اس کا مزہ کڑوا ہے۔ اور اس فاجر کی مثال جو قرآن نہیں پڑھتا تمے کی طرح ہے جس میں خوشبو بھی نہیں اور مزہ بھی کڑوا ہے۔

(ابوداؤد کتاب الادب باب من یومران یجالس حدیث نمبر :4191)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

میں اس جگہ کچھ گزشتہ قصوں کو بیان نہیں کرتا بلکہ میں وہی باتیں کرتا ہوں جن کا مجھے ذاتی علم ہے میں نے قرآن شریف میں ایک زبردست طاقت پائی ہے۔ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی میں ایک عجیب خاصیت دیکھی ہے جو کسی مذہب میں وہ خاصیت اور طاقت نہیں اور وہ یہ کہ سچا پیرو اس کا مقامات ولایت تک پہنچ جاتا ہے۔ خدا اس کو نہ صرف اپنے قول سے مشرف کرتا ہے بلکہ اپنے فعل سے اس کو دکھلاتا ہے کہ میں وہی خدا ہوں جس نے زمین و آسمان پیدا کیا تب اس کا ایمان بلندی میں دور دور کے ستاروں سے بھی آگے گزر جاتا ہے۔ چنانچہ میں اس امر میں صاحبِ مشاہدہ ہوں خدا مجھ سے ہمکلام ہوتا ہے اور ایک لاکھ سے بھی زیادہ میرے ہاتھ پر اس نے نشان دکھلائے ہیں۔ سو اگرچہ میں دنیا کے تمام نبیوں کا ادب کرتا ہوں اور ان کی کتابوں کا بھی ادب کرتا ہوں مگر زندہ دین صرف (۔) کو ہی مانتا ہوں کیونکہ اس کے ذریعہ سے میرے پر خدا ظاہر ہوا۔ (۔) میرے نزدیک مذہب وہی ہے جو زندہ مذہب ہو۔ اور زندہ اور تازہ قدرتوں کے نظارہ سے خدا کو دکھلاوے ورنہ صرف دعوائے صحت مذہب ہیچ اور بلا دلیل ہے۔

جیسا کہ ہم مفصل طور پر اس مضمون میں لکھ چکے ہیں یہ بات یقینی اور قطعی ہے کہ پوری پوری ہدایت اور کامل یقین حاصل کرنے کے لئے الہامی کتاب کی ضرورت ہے کیونکہ جس معرفت تامہ کے ذریعہ سے مرتبہ عالیہ تک اپنی نجات کے لئے ہر ایک انسان کو پہنچنا ضروری ہے وہ معرفت تامہ محض عقل کے ذریعہ سے ہرگز حاصل نہیں ہوسکتی۔ اور ہم اس مضمون میں مفصل بیان کر چکے ہیں کہ نجات محبت تامہ پر موقوف ہے کیونکہ محبت ہی ایک ایسی چیز ہے کہ جو تمام مجازی تعلقات کو کالعدم کر کے سب کے قائم مقام خدا کو کر دیتی ہے۔ انسان کسی کے لئے اپنی جان نہیں دیتا۔ کسی کے لئے دکھ نہیں اٹھاتا۔ کسی کے لئے تلخ زندگی اختیار نہیں کرتا مگر جس سے محبت ہے اس کے لئے مرنا بھی اپنے لئے ایک زندگی دیکھتا ہے۔ پس جب کہ خدا تعالیٰ سے انسان کا تعلق اس قدر بڑھ جاتا ہے کہ کمال محبت کی وجہ سے اس کی راہ میں موت کو بھی اپنی راحت سمجھتا ہے اور اس کی طرف دل ایسا کھینچا جاتا ہے کہ ان اغراض سے اس کو یاد نہیں کرتا کہ وہ بہشت میں اس کو داخل کرے گا یا دوزخ سے اس کو نجات دے گا بلکہ ایک نامعلوم کشش اس کے اندر پیدا ہو جاتی ہے اور وہ خود سمجھ نہیں سکتا کہ وہ کشش کیوں ہے؟ اور کیا چیز ہے؟ اور اس محبت کے لئے محبوب کی معرفت اس قدر ضروری ہے کہ اس کے وہ محاسن اور وہ خوبیاں جو موجب عشق اور محبت ہوتے ہیں معلوم ہو جائیں جیسا کہ ایک عاشق جو ایک معشوق کی محبت میں گرفتار ہے وہ جوش محبت پیدا ہونے کے لئے صرف اس بات کا محتاج ہے کہ معشوق کی خوبصورتی پر اس کو اطلاع ہو جائے اور اس کے دلکش نقش و نگار پر اس کی نظر پڑ جائے۔

(چشمہ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 ص 428)

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ''مریم شادی فنڈ'' ہے۔

مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

''اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جاسکے گا۔''

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

داخلہ جامعہ احمدیہ

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کیلئے انٹرویو 8۔ اگست 2005ء بروز سوموار بوقت صبح سات بجے ہوگا۔

شرائط داخلہ

☆ میٹرک پاس امیدوار کی عمر 17 سال سے زائد نہ ہو۔
☆ ایف اے/ایف ایس سی پاس امیدوار کی عمر 19 سال سے زائد نہ ہو۔
☆ میٹرک کے امتحان میں کم از کم B گریڈ ہونا ضروری ہے
☆ قرآن کریم ناظرہ صحت کے ساتھ پڑھنا جانتا ہو۔
☆ مقامی جماعت کے امیر صاحب/صدر صاحب کی سفارش امیدوار کے حق میں ہو۔
☆ انٹرویو بورڈ کے تحریری اور زبانی امتحان میں پاس ہو۔

(باقی صفحہ 12 پر)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر (نمبر 341)

ریاست میسور کا شیر دل مسلم تاجدار

ریاست میسور کے شیر دل تاجدار شہید سلطان ٹیپو (1750ء-1799ء) برصغیر پاک وہند کا واحد بالغ نظر حکمران تھا جس نے ایسٹ انڈیا کمپنی کے پس پردہ استعماری طاقتوں کے طوفان کو آتے ہوئے دیکھ کر سلطنت عثمانیہ ترکی، افغانستان اور مصر کو اس زبردست خطرہ سے آگاہ کیا۔ ٹیپو نے شمسی ہجری کیلنڈر بھی ایجاد کیا جس کے پہلے مہینے کا نام احمدی رکھا۔ سونے کے ٹکسالی سکہ کو ''احمدی سکہ'' سے موسوم کیا اور اپنی فوج کے لئے ''احمدی فوج'' کا نام تجویز کیا۔

(''سلطنت خداداد میسور'' از جناب محمود بنگلوری)

سیدنا محمود خلیفۃ المسیح الثانی المصلح الموعود نے تریسٹھ سال قبل بیت اقصیٰ قادیان کے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:۔

''حضرت مسیح موعود کا ایک واقعہ سناتا ہوں۔ مجھے یاد ہے جب میں چھوٹا تھا تو چونکہ عام طور پر میں یہی سنتا تھا کہ لوگ اپنے کتوں کو ٹیپو ٹیپو کہہ کر پکارتے ہیں۔ اس لئے میں سمجھتا تھا کہ ٹیپو کتے کا ہی نام ہوتا ہے۔ ایک دن ایک کتا میرے سامنے آیا میں نے اپنی انگلی آگے کی اور کہا ٹیپو ٹیپو ٹیپو ٹیپو۔ میری زبان سے یہ الفاظ ابھی نکلے ہی تھے کہ مجھے حضرت مسیح موعود کی بڑے غصہ سے یہ آواز آئی کہ کیا کرتے ہو۔ تمہیں شرم نہیں آتی، ایک مسلمان بادشاہ کا نام ایک کتے کو دیتے ہو۔ اس دن مجھے پہلی مرتبہ معلوم ہوا کہ ٹیپو کسی مسلمان بادشاہ کا نام ہے۔ بعد میں سکولوں میں تاریخ پڑھی تو حقیقت واضح ہوئی اور پتہ لگا کہ وہ کون تھا۔

جب ٹیپو انگریزوں سے لڑ رہا تھا۔ جب ٹیپو ہندوستان کے تمام مسلمان بادشاہوں سے اپنی مدد کے لئے خط وکتابت کر رہا تھا۔ جب ہندوستان کے مسلمان بادشاہ چھوڑ وہ ہندوستان کے باہر کے مسلمان اور غیر مسلم بادشاہوں سے بھی خط وکتابت کر رہا تھا۔ چنانچہ نپولین سے بھی وہ خط وکتابت کر رہا تھا۔ اسی طرح ایران کے بادشاہ، ترکی کے بادشاہ سے بھی خط وکتابت کر رہا تھا اور مسلمان بادشاہوں کو لکھ رہا تھا کہ اگر ہندوستان سے اسلام اور مسلمانوں کی عظمت چلی گئی تو عیسائیت غالب آجائے گی اور پھر عیسائیت کے غلبہ سے تمہیں بھی نقصان پہنچے گا۔ تم جو بھی شرطیں طے کرو۔ مجھے سب منظور ہیں۔ لیکن آؤ اس موقعہ پر ہم متحد ہو کر عیسائیت کو اس ملک سے نکال دیں۔ اس وقت کسی کی غیرت جوش میں نہ آئی اور کوئی بادشاہ اس کی مدد کے لئے نہ اٹھا۔ نپولین اپنے سیاسی مصالح کے ماتحت اس کی مدد کے لئے آنے پر تیار ہوا۔ لیکن خود مسلمانوں نے اسے شام میں شکست دے دی۔ ہم نہیں کہہ سکتے کہ اگر نپولین آتا تو وہ اچھا سلوک کرتا۔ ممکن ہے وہ انگریزوں سے بھی بدتر سلوک کرتا لیکن سلطان ٹیپو نے اس سے بھی دریغ نہیں کیا کہ وہ نپولین کو اپنی مدد کے لئے بلائے۔ جب حیدرآباد اور دوسری مسلمان ریاستوں کی مدد سے انگریزی فوج ٹیپو پر غالب آگئی۔ تو آخر سلطان ٹیپو اپنے قلعہ میں محصور ہو گیا۔ ایک دن امراء میں سے بعض نے انگریزوں سے رشوت لے کر اس قلعہ کا دروازہ کھلوا دیا۔ اور ایک جگہ فصیل کے پاس کھڑا انگریزی فوجوں سے اپنی فوج کو لڑا رہا تھا۔ خندق پاس تھی اور وہ اپنے سپاہیوں کو مختلف احکام دے رہا تھا کہ اس کا ایک جانباز سپاہی دوڑتا ہوا آیا۔ اور اس نے کہا حضور کسی غدار نے قلعہ کا دروازہ کھول دیا ہے۔ اور ایک بہت بڑی انگریزی فوج آپ کی طرف بڑھتی چلی آرہی ہے۔ اب ایک ہی صورت ہوسکتی ہے کہ آپ کسی طرح جان بچا کر یہاں سے نکل جائیں۔ اس وقت ٹیپو نے نہایت ہی حقارت اور غصہ کی نگاہ سے اسے دیکھا اور کہا کیا فضول مشورہ دیتے ہو۔ ایک شیر کی دو گھنٹہ کی زندگی گیدڑ کی سو سال کی زندگی سے بہتر ہوتی ہے۔ یہ کہا اور تلوار کھینچ کر میدان میں کود پڑا۔ اور وہیں ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔

(الفضل 8 مئی 1946ء)

ازاں بعد حضور انور نے نہایت درد بھرے انداز میں حسرت کا اظہار فرمایا کہ:۔

کیا ذلیل اور ناپاک وہ انسان ہے جو یہ خواہش نہیں رکھتا کہ میں اگر مرتا ہوں تو بے شک مرجاؤں لیکن میں ایک ایسی بنیاد قائم کر جاؤں جو اس زندگی سے ہزاروں درجے بہتر ہے جو بیکاری میں بسر ہوتی ہے یا بے دینی اور عیاشی میں گزر جاتی ہے۔ کیسا شاندار وہ فقرہ ہے جو ہندوستان کے ایک مسلمان بادشاہ کے مونہہ سے نکلا۔ میں سمجھتا ہوں سترھویں صدی کے آخری حصہ اور اٹھارھویں صدی کے ابتدائی حصہ میں ہندوستان کے تمام مسلمان بادشاہوں میں سے صرف وہی ایک بادشاہ تھا جو غیرت مند تھا۔ باقی سارے مسلمان بادشاہ خواہ مسلمان لیڈر اور مسلمان اخبارات مجھے کتنا ہی برا بھلا کہیں ایسے ہی تھے جنہوں نے موقعہ پر غداری اور بے غیرتی کا مظاہرہ کیا۔ خواہ وہ دہلی کے بادشاہ تھے۔ یا حیدرآباد کے بادشاہ تھے یا اودھ کے بادشاہ تھے یا بنگال اور ارکاٹ کے بادشاہ تھے۔ وہ سارے کے سارے بے غیرتی اور بے دینی کا مظاہرہ کرنے والے تھے۔ اگر کسی شخص نے غیرت کا صحیح مظاہرہ کیا تو وہ وہی شخص تھا۔

(الفضل 8 مئی 1946ء)

☆......☆......☆......☆

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم مظہر اقبال صاحب ناظم ارشاد وقف جدید ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ مکرم سردار محمد اسلم خان صاحب معلم وقف جدید ولد مکرم سردار عبدالستار صاحب دارالعلوم شرقی ربوہ مورخہ 3 مئی 2005ء کو بعمر 59 سال فضل عمر ہسپتال میں مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔ آپ چاہ سردار والا ضلع سرگودھا کے رہنے والے تھے۔ آپ نے 1970ء میں بطور معلم وقف جدید زندگی وقف کی اور تاحیات خدمات سلسلہ میں مصروف رہے مرحوم بہت منکسر المزاج محنتی اور اپنے فرائض کو احسن رنگ میں ادا کرنے والے ہر دلعزیز معلم تھے۔ آپ کو نگر پارکر اور مٹھی کے علاوہ جھنگ، سرگودھا اور سیالکوٹ کے اضلاع میں بھی خدمت دین کی سعادت حاصل ہوئی۔ مرحوم نے پسماندگان میں والد کے علاوہ ایک بیوہ ایک بیٹا مکرم صداقت احمد صاحب اور دو بیٹیاں مکرمہ سلیمہ محسن صاحبہ اہلیہ مکرم محمد محسن تبسم صاحب معلم وقف جدید اور مکرمہ مبارکہ صاحبہ اہلیہ مکرم مقصود احمد صاحب چھوڑے ہیں۔ مورخہ 4 مئی کو بیت المبارک میں مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ مرحوم موصی تھے بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد مکرم چوہدری اللہ بخش صاحب صادق صدر عمومی ربوہ نے دعا کرائی۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

مکرم رانا مبین کاشف خاں صاحب کارکن دفتر آڈٹ صدر انجمن احمدیہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے تایا جان اور مکرم محبوب احمد قمر صاحب کے والد محترم رانا عزیز الرحمٰن خاں صاحب کاٹھگڑھی ابن مکرم چوہدری عبدالحق خاں صاحب مرحوم کاٹھگڑھی دارالیمن وسطی (حمد) ربوہ مورخہ 6 مئی 2005ء کو بعمر 82 سال بقضائے الٰہی انتقال کر گئے۔ مورخہ 7 مئی 2005ء کو محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ، امیر مقامی نے احاطہ صدر انجمن احمدیہ میں نماز جنازہ پڑھائی۔ عام قبرستان میں تدفین کے بعد محترم جمال الدین صاحب آڈیٹر صدر انجمن احمدیہ ربوہ نے دعا کرائی۔ مرحوم دعا گو، تہجد گزار، داعی الی اللہ، مہمان نواز اور مضبوط حوصلے کے مالک تھے۔ مرحوم نے ایک بیٹا اور چار بیٹیاں یادگار چھوڑے ہیں۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ آمین

مکرم چوہدری رشید احمد صاحب ابن مکرم چوہدری دین محمد صاحب مون الیکٹرک سروس کچا بازار ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے بہنوئی مکرم چوہدری قمر الدین صاحب ولد چوہدری احمد دین صاحب مرحوم ناصر آباد غربی مورخہ 13۔ اپریل 2005ء کو بوجہ ہارٹ اٹیک بعمر 56 سال وفات پا گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ اسی روز بیت المہدی میں پڑھائی گئی اور عام قبرستان میں تدفین عمل میں آئی۔ قبر تیار ہونے پر محترم راجہ منیر احمد خان صاحب وائس پرنسپل جامعہ احمدیہ ربوہ نے دعا کروائی۔ مرحوم عرصہ کئی سال سے پرائیویٹ ڈرائیونگ کر رہے تھے مرحوم نہایت خوش اخلاق، ملنسار اور بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ دن بھر کی ڈرائیونگ اور تھکان کے باوجود آپ کبھی نماز سے غافل نہ رہتے تھے۔ مرحوم نے پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ ایک بیٹا مکرم بلال احمد قمر صاحب متعلم جامعہ احمدیہ اور تین بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازے اور پسماندگان کا حامی وناصر ہو۔ آمین

مکرم منصور احمد کاہلوں صاحب کاہلوں میرج ہال ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میری اہلیہ مکرمہ رفیعہ منصور صاحبہ یکم مئی 2005ء کو بعمر 60 سال کینیڈا میں حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کر گئی ہیں۔ مرحومہ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصیہ تھیں۔ نیک درویش طبع اور غریب پرور تھیں۔ کینیڈا میں امیر جماعت مکرم نسیم مہدی صاحب نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔ ان کا جنازہ ربوہ لایا گیا اور 5 مئی 2005ء کو بیت مبارک مکرم مولانا مبشر احمد کاہلوں صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے ان کا جنازہ پڑھایا اور بعد میں بہشتی مقبرہ میں تدفین ہوئی۔ تدفین کے بعد مکرم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے دعا کرائی۔ مرحومہ مکرم مولانا مبشر احمد کاہلوں صاحب کی چچا زاد بہن تھیں۔ مرحومہ نے دو بیٹے عامر منصور، عمر منصور اور دو بیٹیاں فرح منصور اور صائمہ منصور یادگار چھوڑی ہیں احباب سے درخواست دعا ہے کہ مولیٰ کریم ان کے درجات بلند کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

اپنے ایمانوں کو بڑھاؤ۔ اپنے تفرقے دور کرو اور ذکر الٰہی کثرت سے کرو۔
(حضرت خلیفۃ المسیح الثانی)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب مرحوم مربی سلسلہ

حضور انور ایدہ اللہ کا دورہ بوبو جلاسو (بورکینا فاسو)

وفا و محبت کے سنہری لمحے جو اپنا نقش چھوڑ گئے

نوٹ: مربی سلسلہ مکرم شکیل احمد صاحب مرحوم نے حضور کے دورہ بوبو جلاسو (بورکینا فاسو) کے متعلق یہ مضمون تحریر فرمایا تھا جو ان کے کاغذات میں سے دستیاب ہوا ہے۔

ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے تاریخ ساز دورہ مغربی افریقہ میں جہاں اس ارض بلال کو قدم بوسی کی سعادت نصیب ہوئی وہاں ایک شہر بوبو جلاسو ہے۔

بورکینا فاسو کا اقتصادی دارالحکومت کہلانے والا یہ شہر ملک کے دارالحکومت سے 360 کلومیٹر مغرب میں واقع ہے۔ شہر کا اکثر حصہ مسلمان ہے۔

اس شہر میں احمدیت کے نفوذ کی ابتداء کب ہوئی اس کی معین تاریخ دینا تو مشکل ہے مگر پتہ چلتا ہے کہ سن ستر کی ابتداء میں یہاں کے بعض لوگوں نے اپنے آئیوری کوسٹ اور غانا کے سفروں میں احمدیت کا نام سنا اور بعض نے تحقیق و دعا کے بعد بیعت کی۔ اس طرح اس جماعت کا آغاز ہوا تقریباً سات سال قبل مرکزی مربی کے تقرر کے ساتھ یہ شہر ریجنل سینٹر بن گیا خدا کے فضل کے ساتھ جماعت آہستہ آہستہ بڑھتی گئی اردگرد کے دیہات میں تیزی سے اس کا نفوذ ہوا۔ اس وقت اس شہر میں جماعت کی دو بیوت الذکر اور ایک ہسپتال ہے اسی طرح افریقہ میں قائم ہونے والا پہلا احمدی ریڈیو سٹیشن ریڈیو......... احمدیہ بھی یہیں قائم ہے جو خدا کے فضل سے اپنی ساڑھے سولہ گھنٹے کی مسلسل روزانہ نشریات کے ساتھ اردگرد کے 60 کلو میٹر کے علاقہ میں دعوت حق کا فرض احسن طریق پر نبھا رہا ہے۔

یہاں جب حضور کی آمد کی خبر سنی تو دل میں محبت و جوش کے عجیب جذبات بلند ہونے لگے۔ مقامی دوست بھی پہلی دفعہ کسی خلیفۃ المسیح کی زیارت کے لئے بے تاب ہونے لگے۔

بعض جماعتوں نے حضور ایدہ اللہ کے دورہ کی کامیابی کے لئے باجماعت نماز تہجد کا التزام کروایا۔ اس سلسلہ میں جب ریڈیو پر بار بار اعلان کروایا گیا تو بہت سے غیر از جماعت دوست بھی اس سلسلہ میں اشتیاق بھرے جذبات لے کر پروگرام پوچھنے آئے۔ تیاری کے سلسلہ میں دو بھاری کام تھے ایک شہر کے حکام سے روابط کر کے حضور کے پروگرام کو ترتیب دینا اس سلسلہ میں برادرم بشارت نوید صاحب نے بھرپور رنگ میں کام کیا، ہائی کمشنر میئر اور پولیس افسروں سے رابطہ کیا جنہوں نے تعاون کا بھرپور یقین دلایا۔

دوسرا کام جماعتوں میں دورہ جات کر کے حضور کے دورہ کی غیر معمولی اہمیت واضح کرنا خلافت کی اہمیت اور مقام کو واضح کرنا اسی طرح اس نعمت کی غیر معمولی برکات سے لوگوں کو آگاہ کرنا تھا۔ اس کام میں محترم برادرم عمر معاذ صاحب نے غیر معمولی تعاون کیا۔

حضور کا دورہ ہمارے لئے انہی دنوں میں تھا جب ہمارا جلسہ سالانہ منعقد ہو رہا تھا اس لئے پہلی ذمہ داری احباب جماعت کے لئے شرکت جلسہ تھی۔ عام حالات میں یہاں مارچ، اپریل کا مہینہ کسانوں کے لئے کافی مشکل ہوتا ہے کیونکہ سال بھر کا اناج ختم ہونے کو ہوتا ہے اور اگلی فصل کے لئے تیاری ہوتی ہے اسی طرح رستے اکثر کچے ہیں پھر غربت کی وجہ سے سفر کے اخراجات ایک عام شہری کے لئے کافی مشکل تھے۔ مگر ان نیک دل احمدیوں کے جذبوں کے آگے یہ مشکلات حقیر ٹھہریں۔ ایک طالب علم میرے پاس آیا اس نے مجھے بتایا کہ جب سے آپ نے خلیفۃ المسیح کی آمد کا اعلان کیا ہے میں نے روز کی جیب خرچ جو انتہائی چھوٹی سی رقم تھی جمع کرنی شروع کی اور یہ جمع پونجی میں آپ کے پاس لایا ہوں۔ گننے پر پتہ چلا کہ ڈیڑھ ماہ کی یہ بچت بھی اس کی ٹرانسپورٹ کے لئے ناکافی تھی۔ مگر پھر بھی اسے مشن کے تعاون سے موقع دیا گیا۔

ایک بزرگ دوست جو گھٹنوں کی بیماری میں مبتلا تھے جب ان کے بچوں نے ازراہ محبت مشورہ دیا کہ آپ اتنا لمبا سفر نہ کریں تو انہوں نے کہا یہ کیسے ممکن ہے اگر مجھے گھٹنوں کے بل گھسٹ کر بھی جانا پڑے تو جاؤں گا۔

بعض جماعتوں کے دوست پچاس کلومیٹر بعض ایک سو کلومیٹر سے زائد سفر کر کے پہلے ریجنل سینٹر پہنچے وہاں سے 360 کلومیٹر کا سفر طے کر کے خلیفۃ المسیح کے دیدار کے لئے دارالحکومت آئے۔ آنے والوں کی کل تعداد 630 افراد تھی جو 9 بڑی بسوں پر سوار تھے۔

حضور ایدہ اللہ کے ساتھ گزارے ہوئے کچھ لمحات ایم ٹی اے کے ذریعہ آپ دیکھ چکے ہیں فی الوقت میں انہیں چھوڑتا ہوں۔ ایک چھوٹا سا نظارہ آپ کو دکھاتا ہوں حضور ایدہ اللہ جب معائنہ جلسہ گاہ کے دوران لنگر خانہ کے جائزہ کے لئے اچانک چلے گئے تو بہت سی خواتین خوشی کے مارے چیخیں مارنے لگیں بعد میں مجھے ایک خاتون نے کہا کہ ہم یہ سوچ بھی نہیں سکتے تھے کہ خلیفۃ المسیح جن کے لئے بڑے پیمانے پر انتظامات ہو رہے ہیں حکومتی نمائندے شامل ہیں وہ ہمارے درمیان اتنی معمولی سی جگہ پر ہمیں دعائیں دینے پہنچ جائیں گے۔ بہت سے احمدیوں نے اس بات کی گواہی انتہائی یقین سے دی کہ جہاں حضور ایدہ اللہ کی ذات بابرکات وجیہہ ہے وہاں دل یہ بھی گواہی دیتا ہے کہ یہ وجاہت تصنع سے بالکل پاک ہے۔

حضور کا دورۂ بورکینا فاسو میں ایک دورہ بوبو شہر کا بھی تھا۔ اس لئے محترم امیر صاحب کی ہدایت کے مطابق خاکسار جلسہ کے فوراً بعد اپنے سینٹر بوبو پہنچ گیا تا کہ انتظامات کو حتمی شکل دی جاسکے۔

حضور ایدہ اللہ کی اپنے خدام سے شفقت کا ایک ذاتی تجربہ تحریر کرتا ہوں۔ حضور کی آمد کے عرصہ میں خاکسار کی اہلیہ امید سے تھیں مگر بیماری نے آ لیا بوبو پہنچ کر بیماری نے شدت اختیار کر لی خاکسار نے ٹیلیفون کے ذریعہ محترم پرائیویٹ سیکرٹری صاحب کو اطلاع دے کر حضور کی خدمت میں دعا کی درخواست کی۔ تھوڑی دیر بعد فون آیا کہ حضور نے فرمایا کہ Risk نہ لیں اگر ایک جان بچانی ہے تو ماں کی جان بچائیں۔ بعد میں بہت سے دوستوں نے مجھے بتایا کہ حضور نے اگلے دن تک بار بار اطلاع منگوائی کہ صدیقی صاحب کی بیگم کا کیا حال ہے؟ آپ نے بار بار فرمایا کہ مجھے اطلاع دیں کہ ان کا کیا حال ہے۔ اگلے روز مورخہ کیم اپریل دن گیارہ بجے بچہ فوت ہو گیا۔

حضور تقریباً 6 بجے بوبو پہنچے شہر کے گیٹ پر ہائی کمشنر کے نمائندے نے حضور کو خوش آمدید کہا خدام الاحمدیہ کے موٹر سائیکلوں نے حضور کے قافلے کو سکواڈ کیا ہوٹل کے باہر حضور نے گاڑی سے اتر کر خاکسار کو شرف مصافحہ بخشا اور پہلا سوال یہ کیا کہ اب آپ کی بیگم کیسی ہیں۔ میں نے بچے کی وفات کے متعلق خبر دی تو دریافت فرمایا کہ اب ماں کو کوئی خطرہ تو نہیں ہے؟

اتنے لمبے سفر اس کی تھکان مسلسل سفروں کے بعد بھی فکر ہے تو ہمارا۔ اگلے روز شام ڈنر کے بعد حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا بنفس نفیس ہسپتال میری بیگم کا حال پوچھنے تشریف لے گئیں تسلی دلاسہ دیا دعائیں دیں۔ ہمارے دل جذبات ممنونیت سے پُر تھے۔ بلکہ اگلے روز جب روانگی سے قبل خاکسار اپنی بیٹی کے ہمراہ حضور ایدہ اللہ کی خدمت میں ملاقات کے لئے حاضر ہوا تو حضور فرمانے لگے کہ آپ کی بیگم ابھی ہسپتال میں ہیں اس لئے آپ دارالحکومت عاملہ کی میٹنگ کے لئے نہ آئیں۔ آپ یہیں ٹھہریں۔

حضور کے بوبو کے دورہ میں احمدیوں کی بھاری تعداد حضور کی زیارت کے لئے تشریف لائی آمد سے قبل تمام بیوت الذکر کے ائمہ تمام اہم شخصیات کو دعوت نامے دیئے گئے تھے۔ چنانچہ ان کے نمائندگان بھی حضور کی زیارت کے لئے تشریف لائے تھے۔

حضور ایدہ اللہ نے نماز جمعہ بوبو میں پڑھائی شام کو ہسپتال اور ریڈیو کا دورہ فرمایا۔ اگلے روز صبح نو بجے حضور واپسی کے لئے مشن احمدیہ بوبو سے دارالحکومت کے لئے روانہ ہوئے۔

حضور ایدہ اللہ کا دورہ خوشبو کا وہ جھونکا تھا جو روحوں کو ایسا معطر کر گیا کہ یہ خوشبو صدیوں ہماری یادوں میں بسی رہے گی۔ جذبات کی عکاسی الفاظ تو نہیں کر سکتے مگر چند نمونے حاضر ہیں۔

☆ ایک معمر بزرگ مکرم گمسورے احمد کہتے ہیں کہ میں 62 سال سے تیجانیہ فرقہ کا بہت سرگرم ممبر تھا خلیفۃ المسیح کے پیچھے پڑھی جانے والی پہلی نماز نے ہی وہ لطف و سرور دیا جو ساری زندگی میں نہ پایا نماز کے دوران مجھے یوں محسوس ہوا کہ ساری جگہ نور سے بھر گئی ہے۔

☆ ایک نوجوان نو مبائع بیلم یوسف نے حضور سے مصافحہ کرنے کے بعد کہا کہ حضور کے وجود کو چھو کر یوں محسوس ہوا کہ میرے سارے گناہ دُھل گئے ہیں۔

☆ ایک احمدی دوست ودرا گو ابراہیم نے کہا ہم نے اپنے معاشرے میں بہت سے پیر اور مذہبی رہنما دیکھے مگر خلیفۃ المسیح میں جو نور ہم نے دیکھا وہ کہیں نہیں۔

☆ ایک عیسائی خاتون ڈاکٹر نے مجھے بتایا کہ میں مسلمان نہیں بلکہ مذہب سے زیادہ دلچسپی نہیں۔ مگر ٹی وی پر خلیفہ کو دیکھا تو دل نے گواہی دی کہ یہ اللہ کا بندہ ہے۔

☆ ایک دوست جو عرصہ 6 سال سے احمدیت سے تعلق رکھتے تھے مگر بیعت نہیں کرتے تھے انہوں نے کہا کہ جس دن میں نے خلیفۃ المسیح کو پہلی دفعہ دیکھا میں نے عہد کر لیا اب تو بیعت ضرور کرنی ہے ورنہ گناہ ہوگا چنانچہ اسی دن انہوں نے بیعت کی۔

☆ ایک عیسائی پادری حضور کی تقریر سن کر کہنے لگے کہ حیرت ہے دین حق کی اتنی واضح تعلیم ہے۔ اور لوگ اس کو سمجھتے نہیں یہ تو ایسی تعلیم ہے کہ ہم سب کو مل کر کام کرنا چاہئے۔

☆ ایک معمر خاتون حکیئے فاطمہ نے اپنے جذبات کچھ اس طرح بیان کئے کہ حضور کی آمد پر جب حضور عورتوں کی طرف سلام کرنے آئے تو باوجود کوشش کے میں ایک دو سیکنڈ سے زائد حضور کے چہرہ پر نظر نہ جما سکی روحانیت تھی رعب تھا کیا تھا مجھے نہیں

باقی صفحہ 4 پر

قرارداد تعزیت صدر انجمن احمدیہ پاکستان

بروفات مکرم مولانا محمد احمد جلیل صاحب

صدر انجمن احمدیہ پاکستان کا یہ اجلاس سلسلہ احمدیہ کے نہایت بزرگ عالم اور دیرینہ بے لوث خادم حضرت مولانا محمد احمد صاحب جلیل کی رحلت کے المناک سانحہ پر اپنے دلی جذبات رنج وغم کا اظہار کرتا ہے۔

محترم مولانا صاحب اپنی طویل عمر کے آخری چند سال بوجہ علالت نحیف اور صاحب فراش تھے اور اپنے اکلوتے فرزند محترم ڈاکٹر مبشر احمد سلیم صاحب کے پاس برمنگھم (انگلینڈ) میں قیام پذیر تھے جہاں ہر ممکن علاج اور خدمت کے باوجود تدریجاً طبیعت زیادہ کمزور اور نحیف ہوتی گئی اور بالآخر 27/اپریل 2005ء کو اپنے خالق حقیقی کے حضور حاضر ہو گئے۔ بوقت وفات آپ کی عمر ماشاءاللہ 95 برس تھی۔

محترم مولانا محمد احمد جلیل صاحب نے اولاً جماعتی تعلیمی اداروں مدرسہ احمدیہ اور جامعہ احمدیہ میں تعلیم حاصل کی اور پنجاب یونیورسٹی کے امتحان مولوی فاضل میں بفضل اللہ تعالیٰ نمایاں امتیاز کے ساتھ کامیابی حاصل کی اور بعدازاں حسب ارشاد سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی علم حدیث میں تخصص حاصل کرنے کیلئے دیو بند اور لاہور میں کچھ عرصہ قیام پذیر رہے۔

مجلس خدام الاحمدیہ اور بزم احمد کے قیام پر آپ ابتدائی خوش قسمت معروف ممبران میں شامل رہے۔ بعدازاں احمدیہ کور اور فرقان فورس میں بھی خدمات کی آپ نے سعادت پائی۔

جماعتی اہم ادارے دارالقضاء کے آپ ماشاءاللہ ناظم مقرر ہوئے نیز دارالافتاء جیسے اہم اور علمی ادارے کے انچارج اور بطور مفتی سلسلہ احمدیہ آپ کو تاریخی خدمات بجالانے کی توفیق ملی۔

مذکورہ بالا خدمات سلسلہ کے علاوہ آپ نے حضرت ملک غلام فرید صاحب کے ساتھ مل کر قرآن کریم کے انگریزی زبان میں ترجمہ اور تفسیر کی سعادت پائی۔

آپ کو اللہ تعالیٰ نے جہاں علمی میدان میں ترقیات اور خدمات سے نواز رکھا تھا وہاں طبیعت اور مزاج میں بڑی شگفتگی اور لطیف مزاح کی حس بھی عطا فرمائی تھی جس کا مختلف مواقع پر خوب اظہار ہوتا تھا۔

آپ کی وفات پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آپ کی جماعتی خدمات کا ذکر ان الفاظ میں فرمایا:۔

یہ سلسلہ کے ایک پرانے خادم تھے۔ انہوں نے جماعت کے شعبوں میں مختلف جگہوں پر کام کیا ہے اور جامعہ احمدیہ ربوہ میں بھی پڑھایا ہے۔ ان کے بہت سارے شاگرد ہیں جو دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں۔ اور خدمات دینیہ بجالا رہے ہیں۔ یہ مفتی سلسلہ عالیہ احمدیہ بھی بڑا لمبا عرصہ رہے ہیں اور بڑے ہنس مکھ اور خوش مزاج آدمی تھے۔ بڑے عاجز انسان تھے اور نیکیوں میں بڑھنے والے اور بڑی بزرگ طبیعت کے مالک تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے۔''

(خطبہ جمعہ فرمودہ 29/اپریل 2005ء نیروبی کینیا)

ہم ممبران صدر انجمن احمدیہ پاکستان سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اور محترم مولانا مرحوم کے پسماندگان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین

(صدر۔ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ)

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل

کے پروگرام

اتوار 15 مئی 2005ء

12-35 a.m	لقاء مع العرب
1-35 a.m	گفتگو
1-55 a.m	بستان وقف نو
2-55 a.m	مشاعرہ
3-55 a.m	خطبہ جمعہ
5-00 a.m	تلاوت، ہماری تعلیم، خبریں
6-10 a.m	چلڈرنز کارنر
6-30 a.m	لقاء مع العرب
7-35 a.m	ورائٹی پروگرام
8-30 a.m	سوال وجواب
9-30 a.m	سیرت حضرت مسیح موعود
10-25 a.m	سوئٹزرلینڈ کا تعارف
11-00 a.m	تلاوت، ہماری تعلیم، خبریں
12-10 p.m	گلشن وقف نو
1-10 p.m	چلڈرنز کارنر
1-25 p.m	پیارے مہدی کی پیاری باتیں
2-05 p.m	دورہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
2-55 p.m	انڈونیشین پروگرامز
3-55 p.m	سپینش پروگرامز
5-00 p.m	تلاوت، ہماری تعلیم، خبریں
6-05 p.m	بنگلہ پروگرامز
7-05 p.m	خطبہ جمعہ
7-55 p.m	سوئٹزرلینڈ کا تعارف
8-25 p.m	گلشن وقف نو
9-25 p.m	سوال وجواب
10-10 p.m	چلڈرنز کارنر
11-10 p.m	عربی پروگرام
11-30 p.m	تعارف

سوموار 16 مئی 2005ء

12-30 a.m	لقاء مع العرب
1-30 a.m	سوئٹزرلینڈ کا تعارف
2-00 a.m	گلشن وقف نو
3-10 a.m	سیرت حضرت مسیح موعود
3-45 a.m	ورائٹی پروگرام
5-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-05 a.m	چلڈرنز کارنر
6-35 a.m	لقاء مع العرب
7-40 a.m	چلڈرنز کارنر
8-30 a.m	خطبہ جمعہ
9-30 a.m	علمی خطابات
10-25 a.m	کوئز روحانی خزائن
11-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-00 p.m	بستان وقف نو
1-05 p.m	چلڈرنز کارنر
1-40 p.m	فرانسیسی پروگرام
2-40 p.m	انڈونیشین پروگرام
3-45 p.m	چائنیز پروگرام
4-15 p.m	طب وصحت کی باتیں
5-05 p.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-05 p.m	بنگلہ پروگرام
7-05 p.m	خطبہ جمعہ
8-10 p.m	طب وصحت
8-50 p.m	انتخاب سخن (ریکارڈنگ)
10-00 p.m	فرانسیسی پروگرام
11-00 p.m	چلڈرنز کارنر
11-30 p.m	عربی پروگرام

منگل 17 مئی 2005ء

12-00 a.m	لقاء مع العرب
1-05 a.m	بچوں کا پروگرام
1-55 a.m	بستان وقف نو
3-00 a.m	علمی خطابات
3-55 a.m	خطبہ جمعہ
5-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-05 a.m	چلڈرنز کارنر
6-25 a.m	لقاء مع العرب
7-35 a.m	جلسہ سالانہ امریکہ
8-35 a.m	سوال وجواب
9-30 a.m	کوئز: قرآن کریم
10-30 a.m	سفر بذریعہ ایم ٹی اے
11-05 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-05 p.m	گلشن وقف نو
1-10 p.m	چلڈرنز کارنر
1-30 p.m	لجنہ میگزین
2-15 p.m	سوال وجواب
2-55 p.m	انڈونیشین پروگرامز
3-55 p.m	سندھی پروگرام
4-30 p.m	سفر بذریعہ ایم ٹی اے
5-05 p.m	تلاوت، درس، خبریں
6-10 p.m	بنگلہ پروگرامز
7-00 p.m	خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ
8-25 p.m	ورائٹی پروگرام
9-05 p.m	گلشن وقف نو
10-20 p.m	سوال وجواب
11-10 p.m	چلڈرنز کارنر
11-30 p.m	عربی پروگرام

(بقیہ صفحہ 3)

پتا۔ مگر جب سے حضور گئے ہیں وہ چہرہ میری نظروں کے سامنے گھومتا رہتا ہے۔ ہنس کر وہ خاتون آبدیدہ ہو کر کہنے لگیں کہ جب سامنے تھے تو نظر بھر کر دیکھا نہ گیا اب سامنے نہیں تو ہر وقت وہ چہرہ نظروں کے سامنے گھومتا رہتا ہے۔

سینکڑوں سینے یہی جذبات یا اسی طرح کے مختلف جذبات لے کر گھروں کو گئے نئی امنگیں لے کر محبتوں کے نئے جذبات لے کر۔

آپ سب سے ہم دعا کی درخواست کرتے ہیں کہ ارض بلال کے یہ باشندے خلافت کی محبت دلوں میں سجائے آگے بڑھتے رہیں دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کے اخلاص و وفا میں برکت عطا فرمائے۔ ہمیں اپنی رضا کی راہوں پر چلائے اور خلافت کے سچے خادم بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

خدام سے شفقت

حضرت مولوی فضل محمد صاحب آف ہرسیاں لکھتے ہیں:۔

''ایک دفعہ جبکہ شہتوت اور بیدانہ کا موسم تھا۔ حضرت مسیح موعود باغ میں تشریف لے گئے۔ خدام بھی ہمراہ تھے۔ جب حضور بیدانہ کے درختوں کے نیچے پہنچے تو حضور کو ایک شخص نے جو غالباً باغ کا مالی ہوگا بڑھ کر سلام کیا اور ایک کپڑا اچھا دیا حضور نہایت سادگی سے اپنی جماعت کو لے کر بیٹھ گئے۔ حضور حسب معمول باتیں کرتے رہے۔ تھوڑی دیر میں باغ کے خادم دو ٹوکریوں میں بیدانہ ڈال کر لے آئے۔ بیدانہ بہت عمدہ اور سفید تھا۔ حضور نے اپنے خدام کو بیدانہ کھانے کا حکم دیا جو سب کھانے لگے۔ میں حضور کے قریب ہی تھا میں نے ادب کی وجہ سے اپنا ہاتھ نہ بڑھایا۔ حضور نے میری طرف دیکھ کر فرمایا۔ میاں تم کیوں نہیں کھاتے؟ میں ندامت سے اور تو کچھ نہ کہہ سکا جلدی سے میرے منہ سے نکل گیا کہ حضور یہ گرم ہیں میرے موافق نہیں۔ حضور نے فرمایا ''نہیں نہیں میاں یہ تو قبض کشا ہوتے ہیں''۔ حضور کے اس فرمانے سے مجھے جرأت ہوئی اور میں بھی حضور کے ساتھ کھانے لگا میں حضور کی اس شفقت کو دیکھ کر حیران رہ گیا۔''

(الفضل 21 مئی 1999ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی شہرہ آفاق کتاب ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل کی روشنی میں

ہومیوپیتھی طریقہ علاج اور قریبی دواؤں میں مابہ الامتیاز

اہم اور معروف بیماریوں میں استعمال ہونے والی ہومیو ادویات کا آپس میں تعلق اور حیرت انگیز موازنہ

ہومیو ڈاکٹر پروفیسر محمد اسلم سجاد صاحب

زخم

ڈلکامارا ۔ آرسنک

''ڈلکامارا وہاں زخم پیدا کرتی ہے جہاں جلد کی تہ ہڈی پر بہت پتلی ہو۔ آرسینک اور ڈلکامارا میں زخموں کی نوعیت کے لحاظ سے ایک فرق یہ ہے کہ آرسنک میں طاعون کی قسم کی گلٹیاں بنتی ہیں۔ بغلوں کے غدود سوج جاتے ہیں اور ان میں پیپ بنتی ہے۔ ڈلکامارا میں غدودوں میں پیپ نہیں بنتی صرف سختی پیدا ہو جاتی ہے۔'' (ص 364`365)

''کیلنڈولا .... زخموں کے علاج کے لئے .... بہت مفید .... ہے۔ پرانے زخم جو مندمل ہونے کا نام نہ لیں ان میں اندمال کا رجحان پیدا کرنے کے لئے کیلنڈولا 200 طاقت میں بہت مؤثر ثابت ہوئی ہے۔........... کیلنڈولا اور ہیپر سلف یا سلیشیا میں یہ بنیادی فرق ہے کہ کیلنڈولا اندرونی جسمانی کمزوری کو دور کر کے شکست و ریخت کے کام کی مرمت کے لئے جسمانی صلاحیت بیدار کرتی ہے جبکہ ہیپر سلف اور سلیشیا انفیکشن کا مقابلہ کرتی ہیں۔ ایسے مریض جن کے آپریشن ہوئے ہوں اور ان کے زخم مندمل نہ ہوتے ہوں ان کے لئے کیلنڈ ولا بہت مفید ہے بشرطیکہ ریڈی ایشن (Radiation) کے ذریعہ زخم کے اردگرد کے خلیوں کو ضائع نہ کر دیا گیا ہو۔''

(صفحہ 215)

غدود سخت ہو جانا

فائٹولاکا ۔ برائیونیا ۔ بیلاڈونا

''دودھ پلانے والی عورتوں کے لئے فائٹولاکا غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے۔ سینہ کے غدود بہت سخت اور زود حس ہو جائیں اور کینسر کا احتمال ہو تو فائٹولاکا دینے میں تاخیر نہ کریں۔ فائٹولاکا کے علاوہ برائیونیا، بیلاڈونا اور کونیم بھی مفید ثابت ہو سکتی ہیں۔ بیلاڈونا میں سختی کے ساتھ سرخی بھی ہوتی ہے اور برائیونیا میں بغیر سرخی کے غدود سخت ہو جاتے ہیں۔ ذرا سی حرکت بھی ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ برائیونیا اور فائٹولاکا میں پتھر کی طرح سخت گلٹیاں بن جاتی ہیں۔ فائٹولاکا کی مریضہ کا دودھ کھٹا، زہریلا اور پھٹا ہوا ہوتا ہے۔ اسے دودھ پلاتے ہوئے سخت تکلیف ہوتی ہے اور درد سارے جسم میں پھیلتا ہے۔''

(صفحہ 664`665)

''کونیم غدودوں کی سختی اور گانٹھوں کو تحلیل کرنے میں بھی بہت اہمیت رکھتی ہے۔ جب تک یہ علامتیں بڑھ کر کینسر میں تبدیل نہ ہو جائیں عموماً ان غدودوں میں درد محسوس نہیں ہوتا۔'' (صفحہ 326)

سردرد

برائیونیا ۔ جلسیمیم

''برائیونیا........... جلسیمیم .... دونوں .... دوائیں سردرد کے لئے بھی اچھی ہیں لیکن جلسیمیم کے سردرد میں ٹھنڈی ہوا سے تکلیف بڑھتی ہے اور برائیونیا کے سردرد میں ٹھنڈ سے آرام آتا ہے۔''

(صفحہ 167)

فاسفورس ۔ بیلاڈونا

فاسفورس کی بہت سی بیماریوں میں گرمی سے فائدہ پہنچتا ہے لیکن معدہ اور سر میں سردی سے آرام آتا ہے۔ چونکہ سر میں خون کا دباؤ بہت زیادہ ہوتا ہے اس لئے اگر مزید گرمی پہنچائیں تو تکلیف میں اضافہ ہو جائے گا۔ فاسفورس اور بیلاڈونا کے سردرد میں یہ فرق ہے کہ بیلاڈونا کا مریض لیٹے تو اس کو آرام آتا ہے۔ فاسفورس کا مریض لیٹے تو اس کی تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہے اس لئے مریض اپنا سر اونچا کر کے لیٹتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ لیٹنے سے خون کا دوران سر کی طرف اور بیٹھنے سے نیچے کی طرف ہوتا ہے۔ بیلاڈونا میں تشنج کی وجہ سے سر میں درد ہوتا ہے۔ فاسفورس کے سردرد میں تشنج نہیں ہوتا۔'' (صفحہ 653)

لیک ڈیف ۔ جلسیمیم

''لیک ڈیف میں سردرد کے ساتھ کھلا پیشاب آتا ہے جو جلسیمیم کی بھی علامت ہے۔ جلسیمیم بھی ٹھنڈے مزاج کی دوا ہے لیکن ایک فرق یہ ہے کہ لیک ڈیف میں سخت پیاس ہوتی ہے جبکہ جلسیمیم میں پیاس مفقود ہوتی ہے۔ لیک ڈیف میں پیشاب مقدار میں زیادہ اور ہلکے پیلے رنگ کا ہوتا ہے لیکن بعض دفعہ گاڑھا اور سیاہی مائل بھی ہوتا ہے جس کا مطلب ہے کہ البیومن (ALBUMEN) آرہی ہے۔'' (صفحہ 536)

چینینم آرس ۔ نیٹرم میور

''چینینم آرس میں دائیں پہلو میں زیادہ کمزوری ہوتی ہے مثلاً گردن کا دایاں حصہ اور دایاں بازو متاثر ہوتے ہیں۔ کمزوری بڑھے تو تشنج ہونے لگتا ہے۔ رات کے وقت سر میں درد ہوتا ہے۔ نزلے سے بھی سردرد شروع ہو جاتا ہے۔ عموماً جب نزلہ دب جائے تو درد میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ سر میں ہتھوڑے پڑنے کا احساس ہوتا ہے۔ یہ احساس عموماً خون کی کمی کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ یہ علامت نیٹرم میور میں بھی نمایاں ہوتی ہے کیونکہ یہ بھی خون کی کمی کی بہترین دوا ہے۔ اس میں خون میں پانی کی مقدار زیادہ ہو جاتی ہے۔ چینینم آرس میں خون کے سرخ ذرے کم ہونے کی وجہ سے خون کی کمی ہوتی ہے۔ اس لئے اس کی وَریں پھولی ہوئی اور کھوکھلی ہوتی ہیں۔ سر کے باہر بھی عضلات میں درد ہونے لگتا ہے، سردی میں تکلیفیں بڑھ جاتی ہیں۔'' (صفحہ 285)

بیلاڈونا ۔ ہائیوسمس

''بیلاڈونا کا سردرد خواہ ٹائیفائیڈ میں ہو یا کسی اور بیماری میں، اچانک ہوگا۔ سردرد کے ساتھ چہرہ تمتمانے لگے گا خواہ جسم میں خون کی کمی ہی کیوں نہ ہو۔ خوف کی بجائے تشدد کا رجحان پایا جاتا ہے۔ کمزور ہونے کے باوجود غیر معمولی طاقت آ جاتی ہے اور ایسے مریض کو قابو میں رکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔ ہائیوسمس (HYOCYAMUS) میں مریض ہذیان کے نتیجہ میں گند بکنے کی طرف مائل ہوتا ہے۔ یہ علامت اتنی نمایاں ہے کہ گھر والوں کے علاوہ ڈاکٹر بیچارہ بھی شرم سے پانی پانی ہو جاتا ہے۔'' (صفحہ 168)

سینگونیریا ۔ سپائی جیلیا

''سردرد گدی سے شروع ہوتا ہے اور عام طور پر دائیں کنپٹی یا دائیں آنکھ میں آ کر ٹھہر جاتا ہے۔ اگر درد بائیں آنکھ میں اپنا مقام بنا لے، تو سپائی جیلیا (SPIGELIA) کی علامت ہے۔ سینگونیریا کی بیماری خون کی خرابیوں کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے جبکہ سپائی جیلیا کی تکلیفیں اعصاب کی زودحسی کے نتیجہ میں پیدا ہوتی ہیں۔ اسی وجہ سے ان کے مزاج میں بھی فرق ہے۔ سینگونیریا میں درد کے ساتھ دھڑکن پائی جاتی ہے۔ جبکہ سپائی جیلیا میں بجلی کے کوندوں کی طرح لپکتے درد کی لہریں پائی جاتی ہیں۔ سینگونیریا میں نیند مرض کو بڑھا دیتی ہے۔'' (صفحہ 731)

کلکیریا آرس ۔ سمی سی فیوجا

''پرانے اور ضدی سردرد میں کلکیریا آرس بھی کام آ سکتی ہے۔ اگر کسی اور دوا سے فائدہ نہ ہو تو کلکیریا آرس کو بھی استعمال کر کے دیکھ لینا چاہئے۔ اس کے سردرد کی علامت سیمی سی فیوجا (CIMICIFUGA) سے بالکل الٹ ہے۔ سیمی سی فیوجا میں ماؤف حصہ کے بل لیٹنے سے درد میں اضافہ ہو جاتا ہے بلکہ بعض دفعہ دکھتے حصہ کو دبانے سے اعصاب بھی پھڑکنے لگتے ہیں۔ کلکیریا آرس میں جس کروٹ مریض لیٹے گا اس کے مخالف سمت درد شروع ہو جائے گا۔ اگر دائیں طرف لیٹے گا تو سردرد کا حملہ بائیں طرف ہو جائے گا۔ جب بائیں طرف سر رکھے گا تو درد دائیں طرف منتقل ہو جائے گا۔ یہ کلکیریا آرس کی خاص علامت ہے۔ جس پرانے سردرد میں یہ علامت پائی جائے اس میں کلکیریا آرس بہت مؤثر ثابت ہوگی''۔

(صفحہ 189`190)

گلونائن ۔ جلسیمیم

''جلسیمیم کی بھی کچھ علامات گلونائن میں بھی پائی جاتی ہیں۔ جلسیمیم میں مریض سونے سے قبل ایک مبہم سی تکلیف محسوس کرتا ہے جس کا مرکز سر میں ہوتا ہے حالانکہ ابھی درد واضح نہیں ہوا ہوتا۔ سونے کے بعد درد نمایاں طور پر ابھر آتا ہے جو صبح تک بہت شدت اختیار کر جاتا ہے۔ گلونائن کی بھی یہی علامت ہے لیکن فرق یہ ہے کہ جلسیمیم کا درد محض سر تک محدود نہیں رہتا بلکہ

کندھے کے پٹھوں اور نیچے کمر تک اتر جاتا ہے۔عموماً بائیں طرف درد ہوتا ہے جبکہ گلونائن میں پورا سر متاثر ہوتا ہے اور یہ درد صرف سر اور آنکھوں تک ہی محدود رہتا ہے۔ اس درد کا دیگر اعصاب سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔" (صفحہ 402)

سر کے اوپر کسی چیز کے لپٹنے کا احساس

گلونائن۔ بربرس

"بربرس میں ....سر کے اوپر کسی چیز کے لپٹنے کا احساس ہوتا ہے۔گلونائن میں بھی سر پر پٹی بندھی ہونے کا احساس ہوتا ہے۔ ٹوپی اور بند کالر ناقابل برداشت ہوتے ہیں لیکن بربرس میں سر پر کچھ بھی نہ ہو پھر بھی کچھ بندھے ہونے کا احساس ہوتا ہے۔ سورائنم کے مریض کی طرح بربرس کے مریض کو بھی بھوک کے دورے پڑتے ہیں۔" (صفحہ 151`152)

سر کی چوٹی پر گرمی اور دباؤ

الیومن۔سلفر

"الیومن .... میں ....سلفر کی طرح سر کی چوٹی پر گرمی اور دباؤ کا احساس ہوتا ہے لیکن سلفر کا مریض ہاتھ کا دباؤ یا کپڑا لینا پسند نہیں کرتا جبکہ الیومن میں دباؤ کا احساس ہونے کے باوجود مریض کو بیرونی طور پر دبانے سے آرام محسوس ہوتا ہے۔" (صفحہ 46)

عضو سکڑنے لگے

لیڈم۔ پلسٹیلا

"لیڈم کی ایک علامت پلسٹیلا سے ملتی ہے لیکن دونوں میں فرق کرنا مشکل نہیں۔ پلسٹیلا میں اگر کسی عضو میں دیر تک درد رہے تو وہ عضو سکڑنے لگتا ہے اور کمزور ہو جاتا ہے۔ لیڈم میں بھی اگر ایک ٹانگ میں تکلیف ہو تو وہ ٹانگ دوسری ٹانگ کی نسبت سکڑ کر کچھ چھوٹی ہو جاتی ہے۔ دونوں میں امتیاز یہ ہے کہ پلسٹیلا کا مریض گرمی محسوس کرتا ہے اور سردی سے آرام جبکہ لیڈم کا مریض سردی محسوس کرتا ہے۔ پھر بھی سردی ہی سے اسے آرام آتا ہے۔" (صفحہ 562)

سمتی بیماریاں

بیلاڈونا۔لیڈم

"بیلاڈونا میں آرام کرنے سے آرام آتا ہے اور حرکت سے تکلیف بڑھتی ہے۔ بیلاڈونا کی اکثر مزاجی تکلیفیں اوپر سے نیچے کی طرف اترتی ہیں۔ اگر سر ٹھیک ہو جائے تو جوڑوں اور اعصاب میں اوپر سے نیچے کی طرف دردیں حرکت کریں گی۔ نیچے سے اوپر کی طرف حرکت کرنے والی بیماریوں کے علاج میں لیڈم (LEDUM) نمایاں شہرت رکھتی ہے۔" (صفحہ 139)

سونے سے تکلیف بڑھ جانا

سلفر۔لیکسس

"لیکسس کی طرح سلفر کی بیماریاں سونے کے بعد بڑھتی ہیں اور مریض گھبرا کر اٹھ جاتا ہے۔ رات کے پچھلے پہر زیادہ گھبراہٹ ہوتی ہے۔ سونے کے بعد بڑھنے والی تکلیف جسمانی نہیں بلکہ ذہنی ہوتی ہے۔ بیماری کے اثر سے جو اعصاب پر پڑتا ہے، مریض گھبرا کر اٹھتا ہے اور سخت بے سکون ہو جاتا ہے۔ دن کو گیارہ بجے کے قریب یہ بے چینی معدہ میں ظاہر ہوتی ہے۔ رات کو تکلیف بڑھتی ہے مگر بستر کی گرمی سے۔ لیکسس کی طرح محض سونے سے تکلیف نہیں بڑھتی۔" (صفحہ 782)

سوکھا پن

ابراٹینم۔ ایتھوزا

"ابراٹینم میں بھی سوکھا پن پایا جاتا ہے۔ لیکن سب سے پہلے ٹانگیں سوکھتی ہیں پھر چھاتی اور گردن۔ لیکن ایتھوزا میں سارا جسم بیک وقت سوکھتا ہے۔ ایتھوزا کی ایک اور اہم علامت یہ ہے کہ گرمی سے بچے کی بیماری سر کی طرف منتقل ہو جاتی ہے۔ ایسا بچہ جس کے دماغ میں کچھ خلل ہو اور گرم موسم میں دودھ پیتے ہی قے کر دینے کی علامت نمایاں ہو اس کی دوا ایتھوزا ہی ہے۔ یہ پیٹ کی بیماری اور دماغی خلل دونوں بیماریوں کو ٹھیک کرے گی۔" (صفحہ 25`26)

کلکیریا کارب۔ نیٹرم میور

"اگر بچے کے جسم میں پیدائشی طور پر سوڈیم کا توازن بگڑ جائے تو اس سے ذہنی صلاحیتوں پر اثر پڑتا ہے نیز ٹانگیں بھی کمزور ہو جاتی ہیں اور مریض سوکھے کا شکار ہو جاتا ہے۔ نیٹرم میور کی خاص علامت یہ ہے کہ ٹانگیں اور اوپر کا دھڑ دونوں بیک وقت سوکھتے ہیں اور زبان پر بھی اثر ہوتا ہے چنانچہ بچہ دیر سے چلنا اور بولنا سیکھتا ہے۔ لیکن کلکیریا کارب میں زبان متاثر نہیں ہوتی اور بچہ معمول کے مطابق بولنا سیکھ لیتا ہے، ہاں چلنا دیر سے سیکھتا ہے۔" (صفحہ 193`194)

سینے کا کینسر

پروٹو آئیوڈائیڈ۔ بن آئیوڈائیڈ

"رحم اور چھاتی کے کینسر میں اگرچہ مرکری مکمل شفا بخشنے کی صلاحیت نہیں رکھتی مگر تکلیف کو کم کر دیتی ہے اور آرام پہنچاتی ہے۔ ہاں وہ گلٹیاں جو کینسر نہ ہوں مرکری سے شفا پا جاتی ہیں۔ مرکری کی ایک قسم پروٹو آئیوڈائیڈ (PROTO IODIDE) سینے کے کینسر میں بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ ڈاکٹر کینٹ سینے کے کینسر کی وجہ سے پیدا ہونے والے درد میں پروٹو آئیوڈائیڈ 100 کی طاقت میں استعمال کرواتے تھے۔ جب بھی درد اٹھے اسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ان کے تجربہ میں آیا کہ انڈے کے برابر رسولی اس دوا کے استعمال سے بالکل ختم ہو گئی۔ یہ دوا دائیں طرف کی تکلیف میں زیادہ اثر دکھاتی ہے۔ جبکہ اس کی دوسری قسم (BIN IODIDE) بائیں طرف کی تکلیفوں میں مفید ہے۔" (صفحہ 599`600)

جلد غصہ آ جانا

کریئوزوٹ۔ کیموملا

"کریئوزوٹ میں مزاج کی تیزی اور جلد غصہ آ جانا کیموملا سے مشابہ دکھائی دیتا ہے لیکن کیموملا کا مزاج ہی غصہ والا ہوتا ہے جبکہ کریئوزوٹ میں یہ کیفیت عارضی ہوتی ہے۔ بیماری کی شدت سے مریض چڑ جاتا ہے جس کی وجہ سے طبیعت میں کیموملا کی علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔ کیموملا کا مریض تندرست ہو یا بیمار، ہر حال میں غصے والا ہی رہے گا اور اس کے مزاج میں بدخلقی اس کی سرشت بن جاتی ہے۔" (صفحہ 521`522)

غصہ برداشت کرنے کے نتیجہ میں بیماریاں

سٹیفی سیگریا۔سپیا

"ہر وہ بیماری جو مسلسل غصہ، تکلیف اور شرمندگی برداشت کرنے کے نتیجہ میں ہو اس میں سٹیفی سیگریا کو اول مرتبہ حاصل ہے۔ قریبی عزیزوں کی زیادتی کے خلاف غصہ دبانے کے نتیجہ میں عموماً سپیا کی مریضہ بنتی ہے۔" (صفحہ 773`774)

"بعض زود حس اور نازک مزاج عورتیں غصہ کی حالت میں گنگ سی ہو جاتی ہیں، ایک لفظ تک نہیں بولتیں اور اپنی شرافت کی وجہ سے غصہ کو دبا دیتی ہیں مگر بعد میں اس کا بداثر ظاہر ہوتا ہے اور سر میں درد اور شدید بے چینی شروع ہو جاتی ہے۔ دو چار دن سخت افسردہ رہتی ہیں۔ ایسے مریضوں کی گھٹ گھٹ کر پیدا ہونے والی بعض جسمانی بیماریاں مستقل ہو جاتی ہیں۔ ان کو سر درد یا پیٹ درد کے دورے پڑنے لگتے ہیں اور ان سے ملتی جلتی بیماریاں انہیں آگھیرتی ہیں جو دراصل ان کی اعصابی تکلیف کا ہی مظہر ہوتی ہیں۔" (صفحہ 773)

غم کے اثرات

نیٹرم میور۔ اگنیشیا۔ ایمبرا گریسا۔ پلمبم

"اگر کوئی بخار لمبا عرصہ پیچھا نہ چھوڑے اور اس کا دماغ پر اثر پڑے تو نیٹرم میور کو آزمانا چاہئے لیکن خاص طور پر غم سے دماغ پر پڑنے والے اثرات میں نیٹرم میور بہترین ثابت ہوئی ہے۔ غم کے ابتدائی مراحل میں فوری طور پر اثر کرنے والی دوائیں اگنیشیا (IGNATIA) اور ایمبرا گریسا ہیں۔ اگنیشیا اپنے اثرات کے لحاظ سے نسبتاً سب سے تیز مگر عارضی دوا ہے، بار بار دینی پڑتی ہے۔ اگر گہرا غم زندگی کا حصہ بن چکا ہو تو وہ اگنیشیا کے دائرہ سے نکل جاتا ہے ایمبرا گریسا (AMBRA GRISEA) ایسے مریض میں بہتر کام دکھاتی ہے۔ اس کے بعد نیٹرم میور کی باری آتی ہے جس کے بارے میں میرا یہ ذاتی تجربہ ہے کہ اس سے پورے پاگل مریض بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ نیٹرم میور کے مریض تشدد پسند نہیں ہوتے بلکہ خاموشی سے بیٹھے رہتے ہیں یا دنیا سے کھوئے جاتے ہیں اور جسمانی لحاظ سے کمزور ہونے لگتے ہیں۔ انہیں غصہ بہت آتا ہے لیکن مار دھاڑ نہیں کرتے۔ دماغ کمزور ہونے لگتا ہے۔ مریض بات کرتے کرتے بھول جاتا ہے کہ میں کیا کہنے لگا تھا۔ خیالات کا سلسلہ منتشر ہو جاتا ہے۔ اگر کسی انسان کا بات کہتے کہتے اپنے خیالات سے تعلق ٹوٹ جائے تو یہ علامت نیٹرم میور کی بھی ہے۔ لیکن اگر کوئی بات سنتے سنتے سمجھنے کی صلاحیت کھو بیٹھے اور کچھ دیر سے سمجھے تو اس کے لئے پلمبم بہتر دوا ہے۔" (صفحہ 619-620)

فالج

ایکونائٹ۔ کاسٹیکم

